سوال

(246)جمعہ کےلیے دواذان کہلوانی جائزہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کےلیے دواذان کہلوانی جائزہے یانہیں ؟پہلی اذان زوال سے 15منٹ قبل ہوتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس زمانہ میں جبکہ ہرچھوٹے اوربڑے قصبہ بلکہ گاؤں میں کئی کئی جگہ تھوڑے فاصلہ پرجمعہ کی نماز پڑھی جاتی ہے ، دواذان کہلوانی ایک عبث اورفضول کام ہی نہیں بلکہ غیر مشروع ہے ۔ آج کل کاموجودہ طریقہ توسنت عثمانی کے بھی یکسر خلاف ہے کمالایخفی علی من لہ ادنی خبرہ البتہ حضرت عثمان کے زمانہ میں جوصورت تھی اورجن حالات میں انہوں نے اذان اول کی ضرورت محسوس کرکے جس طریقہ پرکہلوائی تھی ۔ ویسی ہی صورت اورویسے ہی حالات کسی مقام میں محقق ہوں تواسی طریق پراذان اول کہی جائے توکوئی مضائقہ نہیں ،لیکن دونوں اذانیں بعدزوال کہی جائیں ۔

(محدث دہلی ج:9ش:5شعبان136ھ ستمبر1941ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 373